توجہ دلاو نوٹس

جناب سپیکر صاحب

میں آپ کی توجہ ایک اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ میرے حلقہ نیابت پی کے۔53 مردان یونین کونسل خزانہ ڈھیری کے گاؤں جانباز نرے سے 11 اگست 2019 کو شام 6 بجے کے قریب ایک معصوم بچی اقراء بنت رحمت اللہ غائب ہو گئی۔ پولیس اسٹیشن صدر مردان میں بچی کی گمشدگی کی رپورٹ درج کرائی۔ پولیس نے بچی کی بازیابی کے لئے مکمل تعاون کیا۔ 15 اگست 2019ء کی شام بچی کی نعش بہت ہی خراب حالت میں مکان کے قریب کھیتوں سے برآمد ہوئی، پوسٹ مارٹم کے بعد ننھی پری کو دفنا دیا گیا۔ جناب سپیکر! پولیس ایسے واقعات میں ملزمان گرفتار بھی کرتے ہیں لیکن واقعات میں کمی کے بجائے خطرناک حد تک اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ حیوان بھی دوسرے حیوان کے بچوں سے ایسا نہیں کرتے۔ ملکی اور غیر ملکی میڈیا پر خبر نشر ہونے سے ہمارے معاشرے اور ملک کی بدنامی ہورہی ہے۔ جناب سپیکر! میں ایک بوجھل ضمیر کے ساتھ یہاں پر اقراء، زینب، اسماء اور فرشتہ جیسی ننھی کلیوں کا ذکر کرتا ہوں جو اس ظلم کی شکار ہو چکی ہیں وہ ہم سے انصاف مانگ رہی ہیں۔ ہم کیوں ان معصوم بچوں کو تحفظ دینے میں ناکام ہیں۔

جناب سپیکر! بچوں کو ایسی واقعات سے محفوظ کرنے کے لئے اس مسئلے پر سنجیدگی سے غور کرے اور میری درخواست ہے کہ اس معزز ایوان سے سخت سے سخت قانون سازی منظور کی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کا سدباب ہو سکے

Salam 20-8-19

محمد عبدالسلام (ایم پی اے PK-53)

مردان-VI

356
DIARY OF KHYBER PAKHTUNKHWA
PROVINCIAL ASSEMBLY
21/8/19

21/8/019

Addl. secy I

21/8/19.

Notice Section

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 8Th

Notice No. 544

Received Time: 9:30

Received Date 22-8-2019

From Mr. / Mis. محمد عبدالسلام MPA

Receiver Sign: